جناب شفیق الدین فاروقی

دارالعلوم کے شب وروز

حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہ کی دارالعلوم تشریف آوری: ۱۴رنومبر ۲۰۱۱ء کو دارالعلوم حقانیہ کیلئے نہایت خوشی اور رونق کا دن تھا کہ یہاں دارالعلوم میں عرصہ دراز کے بعد حضرت مولانا محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہ تشریف لائے۔ آنجناب کی آمد کے باعث دارالعلوم حقانیہ کے قدیم وجدید سینکڑوں علماء،مدرسین بھی دوسرے دن کی تقریب میں شرکت کیلئے تشریف لائے تھے۔ دارالعلوم میں تقریب کے حوالے سے طلباء اور مہمانوں میں کافی جوش وخروش پایا جاتا تھا۔ حضرت مولانا محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہ دارالعلوم کی جامع مسجد میں تمام نمازوں میں شرکت فرماتے رہے اور طلباء سے ملاقاتیں بھی رہیں۔ طلباء ان سے ملنے کے لئے بڑے بیتاب تھے لیکن نظم ونسق کا دامن پھر بھی آخر دم تک قائم رکھا۔ دوسرے دن جلسہ گاہ میں بڑے بڑے خیر مقدمی بینرز آویزاں نظر آرہے تھے' ہر طرف سفید کپڑوں اور سفید پگڑیوں کی بہار نظر آرہی تھی۔ یوں لگ رہا تھا کہ سالانہ دستار بندی کی تقریب منعقد ہو رہی ہو۔ صبح ہی سے ہزاروں مہمان باہر سے بھی پہنچنا شروع ہو گئے تھے۔ دارالعلوم کے باہر سروس روڈ پر میلوں تک گاڑیوں کی پارکنگ کیلئے جگہ نہ تھی۔ تقریب ۱۵رنومبر ۲۰۱۱ کو صبح دس بجے تقریب کا باقاعدہ آغاز کیا گیا۔ اور ایک بجے تک یہ شاندار علمی تقریب وقار وتمکنت کیساتھ اختتام پذیر ہوئی اس موقع پر طلباء اور علماء وفضلاء کو حضرت مولانا تقی محمد عثمانی صاحب نے خصوصی اجازت حدیث سے بھی نوازا۔ آخر میں طلباء علماء اور حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے حضرت مولانا محمد تقی عثمانی صاحب مدظلہ کو الوداع کیا۔

مغربی صحافیوں کی دارالعلوم آمد: موجودہ ملکی اور عالمی حالات کے تناظر میں مختلف مغربی صحافی ۲۱رنومبر ۲۰۱۱ء کو اور اس سے قبل گزشتہ ماہ بھی اپنی اپنی ٹیموں کے ہمراہ دارالعلوم تشریف لائے۔ اور ان لوگوں نے دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کیا۔ اور یہاں پر درس وتدریس اور تعلیمی ماحول کا مشاہدہ کیا اور خصوصاً یہاں کے پُر امن تعلیمی ماحول سے بڑے متاثر ہوئے' بعد میں صحافیوں نے حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے مختلف ملکی اور عالمی حالات وموضوعات پر تفصیلی انٹرویوز ریکارڈ کیے۔

نائب مہتمم حضرت مولانا محمد انوار الحق صاحب کا سفر حج: ۲۹ راکتوبر کو دارالعلوم حقانیہ کے نائب مہتمم شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد انوار الحق صاحب حج بیت اللہ کی ادائیگی کیلئے سعودی عرب تشریف لے گئے۔ مناسک حج ادائیگی سے قبل رابطہ العالم الاسلامی مکہ مکرمہ کے سیکرٹریٹ میں (دعوت اسلامیہ' حال اور مستقبل کے تناظر میں) تین روز عالمی کانفرنس میں شرکت کی۔ کانفرنس کا افتتاح وصدارت شہزادہ خالد الفیصل بن عبدالعزیز آل سعود گورنر مکہ نے کی۔ کانفرنس میں بیرون دنیا سے آئے ہوئے جید علماء کرام' ممتاز دانشور اور سکالر حضرات نے شرکت کی اس سفر میں حضرت مولانا کے ہمراہ ان کے برخوردار مولانا حافظ سلمان الحق مدرس جامعہ حقانیہ بھی شریک رہے۔ ۱۲رنومبر کو واپس عازم اکوڑہ خٹک ہوئے۔